کردار اور عمل سے پاک یہ لوگ یا تو خوف کے شکار ہیں کہ کہیں انہیں گرفتار یا اغواء نہ کیا جائے یا تو وہ اس لالچ کے شکار ہیں کہ کہیں اُن کا ریکارڈ یونیورسٹی انتظامیہ، پولیس، ایجنسیوں کے ہاں خراب نہ ہو جائے اور کل وہ ایک اچھی نوکری حاصل کر سکیں۔ قابل افسوس بات تو یہ ہے کہ یہ لوگ نہ صرف بی ایس او آزاد اور دیگر آزادی پسند پارٹیوں کے کردار سے مطمئن ہیں اور نہ خود آگے آکر کچھ کرنے کی ہمت رکھتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو سیاسی موقع پرست کا نام دیں یا بے عمل لفظی بھٹاک باز کہیں۔

لازم ہے کہ ہم بھی دیکھیں گے

جب انگریز سامراج پہلی مرتبہ بلوچ گل زمین سے گزر کر افغانستان جانا چاہتا تھا تو اُس وقت کے خان محراب خان بلوچ روایات کو دیکھ کر انگریز سامراج کو اپنے گل زمین سے گزرنے کو منع کرتا ہے، اور جب انگریز سامراج کو یہ یقین ہو جاتا ہے کہ زمین کے اس ٹکڑے پہ رہنے والا یہ قوم بلوچ مجھے کسی بھی صورت میں اپنی گل زمین استعمال کرنے نہیں دے گا، تو وہ بلوچستان پر حملہ آوار ہوتا ہے۔

ایک طرف سپر پاور برطانیہ کا جدید اسلحہ سے لیس ہزاروں کی تعداد میں شاہی فوج اور دوسری طرف بلوچستان کے باغیرت باسی، محراب خان یہ جانتا ہے کہ وہ تعداد میں کم ہیں اسلحہ بھی فوج شاہی کے مد مقابل کچھ بھی نہیں لیکن اُن کے پاس بلوچی غیرت تھا، محراب خان اپنے لوگوں کو بلا کر ان تاریخی الفاظ کو کہتا ہے "اس زمین نے ہمیں اور ہمارے آباء اور اجداد کو عزت دی ہے نام دیا ہے اور آج وہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم اپنا فرض نبھائیں"۔

محراب خان دھرتی کا قرض ادا کرتے ہوئے لڑتے لڑتے وطن کی آغوش میں ہمیشہ کیلئے سو جاتا ہے لیکن وہ تاریخ میں ہمیشہ کیلئے زندہ رہ کر وطن کا ایک سچا فرزند بن گیا، گو کہ محراب خان لڑتے ہوئے شہید ہو گیا لیکن اُس نے اپنی زندگی کا اظہار کیا کہ ہم بلوچ ایک زندہ قوم ہیں، اس زندگی کا اظہار کرتے ہوئے موت کی آغوش میں چلا تو گیا لیکن بلوچ قومی زندگی کے اظہار کے اس عمل نے آج تک بلوچ قومی آزادی کی جنگ میں مصروف عمل سرمچاروں اور کارکنوں کے دلوں میں ایک حوصلہ بن چکا ہے۔

پاکستانی اور ایرانی قبضہ کیخلاف بلوچ قومی آزادی کی جنگ آج تاریخ کے اہم ترین موڑ پہ آگیا، قومی آزادی آج جس شدت کے ساتھ جاری اس سے مد مقابل دشمنوں کو اپنی موت واضح نظر آرہی ہے اور موت سے دور بھاگنے اور اپنے آپکو محفوظ بنانے کی خاطر آج پاکستانی ریاست ہر طرح کہ کوشش کررہی ہے۔

بی ایس او آزاد پر دہشت گردی کی لہر

دہشت گردی سے مراد کیا ہے؟ سننے میں یہی آیا ہے کہ کسی مُردہ قوم یا اجتماع پر تشدد کیا جائے یا قتل عام کیا جائے اُسے دہشت گردی کہا جاتا ہے، لیکن اس خطے میں یہ معاملہ برعکس ہے، اس خطے میں جس کے پاس قوت ہو، طاقت ہو، ہوائی برّی، بحری فوج ہو تو وہ دہشت گردی سے برا ہے اور اُسے نام نہاد قانون کا باشندہ کہا جاتا ہے۔ اگر وہی پولیس فوج یا ریاست عوام الناس کا قتل عام کرے، تو اُسے قانون کا محافظ اور علاقہ کا ضامن کہا جاتا ہے، اگر عوام اس دہشت گردی کا جواب دینا شروع کرے تو وہ قابل گردن زدن ہے اور اُسے دہشت گرد کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، لیکن ستم بلا ستم بی ایس او آزاد کے نوجوان کا تعلق نہ ظالم قوتوں سے ہے اور نہ ہی دہشت گردی سے ان کا تعلق ہے، انکا تعلق علم اور آگاہی سے ہے ان کا قصور صرف یہی ہے کہ وہ ریاستی دہشت گردی کو چیلنج کر رہے ہیں، اس لئے بی ایس او آزاد نا قابل برداشت اور قابل گردن زدن ہے، پاکستانی ایجنسیوں کیلئے یہ ایک نا قابل برداشت تنظیم ہے جس طرح کے موساد کیلئے فلسطینی طلباء نا قابل برداشت ہیں۔

سلام ہے ان ماؤں پر جو اپنے بیٹوں کو تعلیمی اداروں میں تعلیمی درس کے لئے بھیجتے ہیں لیکن وہ ریاستی دہشت گردی کا شکار ہو جاتے ہیں، بی ایس او آزاد ایسے علم حاصل کرتے ہوئے کو دعوت دیتا ہے اور یہ دعوت صرف اُن بلوچ طلباء کیلئے ہے جس کا تعلق بی ایس او سے ہے۔

آج بلوچ مائیں اپنے لخت جگر کے جدائی میں رو رہی ہیں لیکن یہ ہمیشہ نہیں ہوتا کہ صرف بلوچ مائیں روتی رہیں، ایک دن وہ بھی آئے گا کہ بین الاقوامی دہشت گردی کے مرتکب اُنکے ماؤں اور بہنوں کو رونا ہو گا۔۔

بی ایس او آزاد بلوچ قومی آزادی میں ہر اول دستہ کردار ادا کرتے گناہوں کی سزا بھگت رہا ہے، ریاستی دہشت گردی کی موجودہ جاری طوفان بدتمیزی جو ایک سال سے ایک حکمت عملی سے آگے آئے ہیں، جس سے زیادہ تر بلوچ پارٹیوں، تنظیموں کی سرگرمیاں ماند پڑ کر نہ ہونے کے برابر رہی ہیں مگر صرف ایک ہی تنظیم ریاست کیلئے درد سر بن گئی "بی ایس او آزاد"۔

جس طرح بی ایس او آزاد کے مرکزی ترجمان نے کہا تھا کہ بی ایس او آزاد کے کارکنوں نے خوف کو دفن کر لیا ہے، یہ بات یہاں پہ خوب آتی ہے کہ ایسا لگتا ہے کہ ان نوجوانوں کو تو ریاستی دہشت گردی کی تازہ لہر جس سے سب کو چھپ کرنے کی روزہ رکھنے پڑی مگر ان نوجوانوں کو نہ کسی خوف اور دہشت نے چوا اور نہ ہی ریاستی آلہ کاروں کی پیدا کردہ دلال تنظیم نے۔

سیاہ ٹارچر سیلز ہیں، عظیم بدن پہ زخمیں ہیں، چیچنیں ہیں، آہ و زار ہے، درد ہے فکر ہے، بلوچستان کے جسم پر لگے ہوئے ہزاروں زخموں کے درد کو سہتے اپنے سینے میں چھپایا ہوا، پر عزم اور بلوچ ورناؤں کا عظیم ساتھی زاکر مجید۔

شہید غلام محمد اور ساتھیوں کی شہادت کے بعد جب ہر کوئی بلوچ اِن حالات کو دیکھ کر عوامی تبلیغ کیلئے ایک خلا محسوس کر رہے تھے۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ زاکر بلوچستان سے عہد کر چکا تھا کہ وہ اُسکی قومی آزادی کے قصہ کو ہر جگہ بیان کرتا رہے گا۔

ہر طرف خوف و ہراس تھا، سراسیمگی اور پریشانی تھی، بے چینی تھی، زاکر بلاخوف و خطر، پر عزم کاروانِ بلوچ نوجواناں بی ایس او آزاد کے قیادت کرتے ہوئے، کراچی، حب، اوتھل، تربت، مند، پسنی سے ہوتا ہوا نوشکی اور جہد مسلسل کو جاری رکھتے ہوئے مستونگ کے مقام پر 8 جون کو اپنے قول و پیمان کو عملی جامع پہناتے ہوئے، خوف و ہراس کے اس ماحول میں دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بلوچستان کی پکار ہر منزل کی طرف جارہا تھا،

شہید غلام محمد بلوچ کی شہادت کے بعد جسطرح لوگ ایک سیاسی خلا کو محسوس کر رہے تھے، زاکر مجید کی پر عزم، باہمت اور ہر حوصلہ قیادت اس سیاسی خلاء کو پر کرنے کی تگ و دو میں مصروف عمل ہی تھا کہ دشمن کو ہضم نہیں ہوا اور بلوچستان کے اس نوجوان بیٹے کو اغواء کر کے لاپتہ کر دیا گیا۔

جن حالات میں جینا مشکل ہو، لوگ خوف و ہراس کے انتہا تک جا پہنچے ہوں، بی ایس او آزاد اُن حالات میں بلوچ قومی آزادی کی جدوجہد میں فعال کردار ادا کر رہا تھا، جب بھی بلوچ قوم اور بلوچستان پر سخت حالات کا سامنا تھا یا ہو ڈاکٹر اللہ نظر کے فکری دوست بھی بی ایس او آزاد اُن کھڑی سخت حالات میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔

بی ایس او آزاد کے عملی اور حقیقی جدوجہد نے بی این ایف کے دوستوں سے مل کر بلوچ مخلوق پر اس بات کو واضح کیا کہ اُن کا دوست اور دشمن کون ہیں۔

آج زاکر مجید سمیت بی ایس او آزاد کی کئی کارکناں ریاستی ازیت گاہوں اور جیلوں میں پڑے ہوئے بلوچ قومی آزادی کو دوام اور توانائی فراہم کر رہے ہیں۔ ان حالات میں جب پر کوئی زی شعور فرزند حالات کا ادراک رکھتا ہے۔

بلوچ نوجوانوں، بزرگوں، مائوں بہنوں کو چاہئے وہ سر فیس سیاست میں بی ایس او آزاد اور بی این ایف کی کال پر لبیک کا اظہار کریں۔

لیکچر دیوان صورت خان مری بی ایم سی شال 19 اپریل 2008

اگر بلوچ کا مقابلہ ایک مہزب دشمن سے ہوتا تو بلوچ کب کے آزادی حاصل کر چکے ہوتے۔

ایک ریاست کے اندر ایک قوم سے زیادہ ہونا انتہائی خطرناک ہے۔

Federation ایک طرز حکومت ہے۔

جب پاکستان نے بلوچستان پر قبضہ کیا تو پیدل فوج نے تربت فضائی نے جیونی اور بحری نے پسنی پر قبضہ کیا۔

Show of power کے تحت لیاقت علی خان، جنرل گریسی نے قبضہ کیا۔

قومی آزادی اور انقلاب میں بہت فرق ہے۔

2000 ہزار لوگو کی موت کے بعد ہر وہ خانہ جنگی کی طرف رخ موڑ دیتی ہے۔

مطالبات صرف چھوٹے مسئلوں کے لیئے ہوتا ہے۔

تحریکوں کے اندر تضاد قتل کے برابر ہوتا ہے۔

قبضہ گیر کو ریاست روکتا ہے، وہ اپنی سرحدیں محفوظ بنالیتا ہے۔

برطانیہ اور پاکستانی قبضہ میں یکسان چیزیں نظر آتے ہیں۔

10 لاکھ بنگالی لڑکیاں ریپ ہوگئی تھیں۔

بلوچ گل زمین 6 لاکھ نوے ہزار کلومیٹر ہے۔

Greater are the people who lead the people to invasion

BLA اٹیک کرتا ہے۔pak دفاع کر رہا ہے، دفاع کرنے والا کمزور ہوتا ہے۔

تحریک ملٹی ڈایمنشن ہوتا ہے جس میں سارے طبقہ حصہ لیتے ہیں۔

کل وقتی مزاحمت کار ہیں۔ سری لنکا میں 15 سال کے بچے بھی مزاحمت میں شامل تھے۔

National disaster میں یہ بھی نہیں ہوتا کہ ہر کوئی پہاڑوں کی طرف دوڑتا ہے۔

دنیا کی بدلتی ہوئی صورت حال اور جنگی حکمت عملیاں

دنیا کی بدلتی ہوئی صورتحال جس میں اب جنگی حکمت عملیاں بدل رہی ہیں، گزشتہ دنوں کے ایک رپورٹ کے مطابق کہ اب آنے والے جنگیں کنٹرول روم میں بیٹھ کر لڑی جائیں گے۔ امریکی ڈرون حملے، جاسوسی کی آلات، communication نظام کا بہ آسانی trace ہونا، ان چیزوں کے علاوہ بہت سی ایسی جنگی آلات بنارہے ہیں، جس سے اپنے ہدف کو مختلف آلات جو موصلاتی نظام کو trace کرکے اپنے مدمقابل دشمن ہر حرکت اور حملے کو پہلے سے ناکام بنایا جاسکتا ہے۔

آج کے اس دور میں عالمی طاقتیں اپنے رکب ودبدبہ قائم کرنے کا مقصد مستقبل میں اپنے معاشیت کو برقرار رکھنا ہے۔ آج دنیا کی بڑی بڑی طاقتیں اپنے معاشی وسیاسی مفادات کیلئے سرد جنگیں لڑ رہی ہیں۔ معاشیات کا وابستہ وسائلوں سے ہے۔ دنیا کی بڑی جنگیں اپنی وسائلوں پہ ہوتے ہیں۔ قوموں کی آزادی کو سلب کرکے انہیں غلام بنانا، غلام کو دادام دینے کیلئے ظلم وجبر وبربریت کے کالے بادلوں کو ہی قوموں کی قسمت بنائی جاتی ہیں۔

میں تو اپنے موضوع سے بلکل دور چلا گیا،

موضوع۔۔۔ ایک غلام قوم کے فرد کا موضوع اور کیا ہو سکتا ہے یقیناً اسکا سرزمین، قوم، ثقافت، تہزیب و تمدن، زبان وادب جو سب کے سب غلامی کی غلیظ زنجیروں میں جھکڑے ہوتے ہیں، ایک غلام کا اصل موضوع تو آزادی ہوتا ہے اور میں بھی بحیثیت ایک غلام بلوچ کے اس موضوع پہ تھوڑا بہت لکھنا چاہتا ہوں، عالمی طاقتوں کا فوجی اڈہ پاکستان (فوجی اڈہ بنانے کا اصل مقصد اور اس کے ساتھی کارفرما عوامل پر بہت بحث ہوچکی ہے) جو

بلوچ گلزمین پر اپنی تسلط کے ساتویں دہائی میں داخل ہو چکا ہے، لیکن اس تسلط کے شروع دن سے بلوچ نے اس قبضہ گیری کیخلاف اپنی ناراضگی کا اظہار کر دیا، میں اب وہ ساری باتیں دوبارہ نہیں لکھنا چاہتا ہوں، جس پر وقتاً فوقتاً لکھا جا چکا ہوں۔

2002 میں قلات کے تاریخی شہر میں 3 بلوچ سپوتوں کی شہادت اور پھر 2004 میں مکران کے دڑامب، سائجی کے پہاڑی سلسلے میں ریاستی آپریشن جسے وہاں پہ موجود مدمقابل بلوچ قومی آزادی کے سرمچاروں نے قومی جنگ کا نام دیا اور پھر وہاں سے جدوجہد بلوچ قومی آزادی مختلف مراحلوں، نشب و فراز، سرد و گرم نہیں بلکہ گرما گرمی اور شدت کے ساتھ روز بہ روز بڑھتی چلی گئی، ہر قسم کی سازشوں اور ہر ہتکنڈوں سے بالاطاق ہو کہ مسلح محاز پر بلوچ سرمچاروں کے آواز (شروع ہی سے۔۔بی ایس او آزاد، انجمن اتحاد مری، بی این ایم اور پھر آج کے دور میں بی این ایف) نے ہر اُن سازشوں رکاوٹوں اور پروپیگنڈوں کو ناکامی سے دوچار دی، موجودہ جاری دہائی سے شروع ہونے والے قومی آزادی کی جنگ میں جہاں دشمن کو ایک ایسے خوف و ہراس۔

2009/08/17

بلوچ قوم کی نسل کشی

قدیم زمانے سے بلوچ قوم کی نسل کشی کیا جاتا رہا ہے۔ دنیا میں نوشیر وان عادل کو انصاف پسند بادشاہ جانا جاتا تھا جو عدل و انصاف میں مشہور تھا۔ لیکن اسی بادشاہ نے بلوچوں کی نسل کشی کی۔ اور بلوچوں کو مجبور کیا کہ وہ مغربی بلوچستان کے ایک بہت بڑے حصے سے بے دخل ہو جائیں۔ تاریخی حقائق سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہر جابر اور ظالم حاکم نے بلوچوں کی نسل کشی کی ہے اور انہیں اپنے ملک سے بے دخل کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم پاکستان میں بلوچوں کی نسل کشی کا جائزہ لیں گے۔

بلوچوں کو اپنے وطن سے بے دخل کرنے کی کوشش کی گئی ہے، تاحال جاری ہے۔ اس سے قبل ہم پاکستانی وجود کی تاریخی حوالے سے جائزہ لیں گے۔ 1947 سے پہلے اس خطے میں پاکستان نام کا کوئی ملک نہیں تھا اور پاکستانی قوم کا وجود بھی نہیں تھا۔ انگریز کے چلے جانے کے وقت ایک کمزور ہندوستان بنانے کا منصوبہ تھا۔ اس منصوبے میں مُسلم پی ٹی پورژوا شامل تھے اور اس میں مُلا، جاگیر دار اور سرمایہ دار شامل تھے۔ ان سب کی پشت پناہی انگریز حکمران اپنے مکارانہ چالوں سے مسلم لیگ کے نام پر کر رہا تھا۔ وہ یہی چاہتا تھا کہ ایک کمزور اور لاچار ہندوستان باقیات میں رہے۔ انگریز کے کہنے پر مسلم لیگ نے دو قومی نظریہ پیش کیا یعنی ہندو اور مسلم قومیت حالانکہ مذہب کے نام پر کوئی قوم نہیں بنتی ۔ قومیں ہمیشہ تاریخ ، مشترکہ مفادات اور قدیم نسلی جہد وجہد سے بنتے ہیں۔ ہندوستان کو لاچار اور کمزور کرنے کیلئے مسلم پیٹی پورژوا، مسلم جاگیر داروں اور سرمایہ داروں جس میں کچھ ملا اور بیوروکریٹ شامل تھے۔ مسلم لیگ کے نام پر ایک جماعت بنایا جس نے انگریز کے کہنے پر پاکستان کا مطالبہ کیا۔ پاکستان بننے کے بعد جاگیر داروں اور ان کے حکمرانوں نے دیکھا کہ پاکستان تو اپنے

پیدائش سے بسترِ مرگ پر ہے۔ بلوچستان کی دولت مند زمین، جغرافیائی اہمیت کو دیکھ کر پاکستان کے زندہ رہنے کی امید ان کے دل میں جاگ اٹھی۔ حالانکہ بلوچستان برصغیر کا حصہ نہیں تھا اور نہ ہی کسی بھی بلوچ کا پاکستان کے مطالبہ میں کردار رہا ہے۔

نوشیروان عادل کی طرح پاکستان نے بلوچوں کی نسل کشی کا ابتدا کر کے 1948 کو بلوچستان پر قبضہ کر لیا۔ 1948 کے بلوچستان پر قبضہ سے لیکر آج تک مختلف ادوار میں بلوچوں پر فوج کشی کر کے انکی نسل کشی کی گئی، حالانکہ جس دو قومی نظریہ کی بنیاد پر پاکستان وجود میں آتا ہے وہ 25 سال بعد بنگلادیش کی آزادی کے بعد دو قومی نظریہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دفن ہو گئی۔ باوجود اس کے بنگالیوں نے بلوچوں کے برعکس پاکستان کا نہ صرف مطالبہ کیا بلکہ پاکستان بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔۔۔

ایوب خان، بھٹو، ضیاء الحق اور مشرف دور ہی میں بلوچی کی نسل کشی کی گئی، مشرف دور میں بلوچوں کی نسل کشی شدت اختیار کر گئی اور یہی نسل کشی تاہنوز جاری و ساری ہے۔

بلوچ قومی نسل کشی کے ذریعے ہزاروں لوگوں کو شہید کیا گیا۔ ہزاروں لاپتہ ہیں جبکہ لاکھوں خاندان اپنے گھروں سے بے گھر ہو کر پنجاب، سندھ، افغانستان اور ایران ہجرت کر گئے۔

بقاء کی جنگ

جس جنگ کو دشمن پاکستان ریاست دہشتگردی کا نام دے رہا ہے بلوچ اس جنگ کو اپنی قومی بقاء اور آزادی کا نام دے رہا ہے، گزشتہ دو سالوں سے جاری یہ جنگ سرد و گرم اور مختلف پیچ و تاب سے گزر کر آج ایک بین القوامی مسئلہ اختیار کر چکا ہے، آج ہر بلوچ شہر، کوچہ، گلی میدان، میدان جنگ میں تبدیل ہو چکا ہے، بلوچ قوم آزادی کی جنگ اپنی شدت کے ساتھ جاری ہے اور منزل سے قریب ہو گیا ہے۔

شہید کمبر چاکر

قوم پرستی

جب نپولین نے آسانی کے ساتھ جرمن ریاستوں کو شکست دے دی اور جرمن فرانسیوں کے مفتوح ہو گئے تو ان شکستوں نے جرمن قوم کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا، ان میں قوم پرستی کا گہرے جزبہ اُبھرا۔

شہید کمبر چاکر

باغی

سوال یہ پیدا ہوتا کہ بغاوتوں کی ناکامی کے باوجود اور اس ظلم و تشدد کے باجود آخر انسان کیوں مکمل تبدیلی چاہتا ہے اور کیوں وہ ایک مضبوط نظام کے خلاف اور اس کے اداروں کے خلاف بغاوت کر کے اپنی جان کی بازی لگاتا ہے؟

اور یہ سب کچھ وہ ایک شعور کے ساتھ کرتا ہے، اس حقیقت کے باوجود کہ اس کے پاس صرف ایک ہی زندگی ہے اور وہ زندگی اُسے دوبارہ نہیں ملے گی۔۔۔

بغاوت کا نتیجہ موت ہوتا ہے مگر باغی اُسے آزادی کی خاطر قبول کر لیتا ہے، وہ پیروں پر کھڑے ہو کر مرنا قبول کرتا ہے۔

شہید کمبر چاکر

مسلط شدہ غیر نظریات

لوگوں پر ایک دور دراز اور نامعلوم ملک کے نظریات مسلط کر دینا، ان کے کردار کو کم تر بنانا اور اُنکی توانائی کو کُچلتا ہے، وہ اس قابل نہ ہو جائیں کہ زہنی و فکری طور پر خود کو شمار کر سکیں۔

شہید کمبر چاکر

ازیت

انسان کی مزاحمت، بغاوت اور اسکی جسمانی و روحانی قوت کو کچلنے کیلئے اذیت رسانی کے طریقوں کو استعمال کیا جاتا ہے، یہ آخری حربے ہوتے ہیں جن کے زریعہ انسان کی عظمت کو ختم کیا جاتا ہے، کیونکہ اذیت کے سبب انسان روحانی اور جسمانی طور پر پسماندہ ہو جاتا ہے، اسکی شخصیت اس قدر کچل دی جاتی ہے کہ وہ سر اٹھا کر چلنے کے قابل نہیں رہتا اور اُسے خود اپنی زندگی سے نفرت ہو جاتی ہے۔

شہید کمبر چاکر

قربانی

وعدہ کرو کہ تم اپنی تمام روحانی و مادی قوتوں کو انقلاب کیلئے وقف کروگے اور اس کی خاطر اپنے خاندان، زاتی تعلقات، محبت اور دوستی کو قربان کر دوگے، اگر ضرورت پڑی تو بغیر جھجک کے اپنی جان بھی دیدوگے اس لئے تمہیں چاہیے کہ اپنی خواہش اور ہر چیز کو جماعت کیلئے وقف کر دو۔

شہید کمبر چاکر

بوڑھا آدمی اور جھونپڑی

ایک بوڑھا آدمی اپنے جھونپڑی تک سورج کی روشنی کیلئے پہاڑ کھود کر ہٹانا شروع کر دیتا ہے۔ تو لوگ ہنستے ہیں کہ کیا کھودنے سے پہاڑ کم ہو جائے گا۔

بوڑھا جواب دیتا ہے کہ میں کھودوں گا پھر میرے بچے کھودیں گے اور بعد میں اُنکے بچے کھودتے رہنگے۔

شہید کمبر چاکر

فیڈرل کا انقلابی کیوبا

اسپین کے خلاف مزاحمتی تحریک چلانے والے کیوبا کے ارادرک فیلے کے سردار حاتوئے نے قبائلیوں کی تباہی کی بنیادی وجہ کرنے سے پہلے ایک ٹوکری پر سے ڈھکن اُٹھایا، وہ سونے سے بھری ہوئی تھی، پھر اُس نے کہا کہ یہ ہے ان کا لارڈ جس کی وہ خدمت اور پرستش کرتے ہیں، اسی کیل ئے یہ ہم پر دتشدد کر رہے ہیں، اسی کیل ئے انہوں نے ہمارے ماں باپ ہمارے سب لوگوں اور تمہارے پڈوسیوں کو قتل کیا ہے۔

شہید کمبر چاکر

منی وطن، منی زندگی

My mother land, my life

جب فلسطینی اپنے وطن کیلئے سر دھڑ کی بازی لگا سکتا ہے، جب ویتنام کے فرزند اپنے گُل زمین کی آزادی کیلئے موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکتا ہے، جب چیچنیا، کشمیر اور دیگر اقوام کے لوگ اپنے وطن کو غلامی کی غلیظ زنجیروں سے آزاد کروانے کی خاطر اپنے لاشوں کے اوپر گزر سکتے ہیں تو بلوچستان کے لوگ کیوں اپنے وطن کو آزاد فضائیں میسر کرنے کیلئے اپنے خون کو وطن کی خاک کے ساتھ ایک نہ کریں؟

شہید کمبر چاکر

رات کے 9 بجے

2009/09/25

ہدہ جیل شال

بیرک 14___16 تہنائی

ایک ایسی دعا جو اچھے اور بُرے وقتوں میں پڑی جاتی ہے۔

اے اللہ، ہمیں حوصلہ دینا

آزادی کی جنگیں

قومی بقاء آزادی کی جنگ میں جہاں دیسی اپنے وطن کی آزادی اور پر دیسی اپنے قبضے کو دوام دینے کیلئے جنگ میں بر سر پیکار ہوتے ہیں۔ اقوام عالم میں کئی ایسی جنگیں لڑی جاچکی ہیں اور آج بلوچ گلزمین کی ارضءِ بے رنگ کو بلوچ جانثاروں نے گُلنار کیا ہوا ہے۔

آج 11 اگست ہے

آج ایک عجیب کیفیت ہے ہر طرف خوف و ہراس کی پرواہ کئے بغیر آزاد بلوچستان کے بیرک لہرائے جارہے ہیں اگر کہیں پہ دشمن اپنی ہوس میں محکوم بلوچوں کو اپنے قومی بیرک لہرانے کی اجازت نہیں دے رہا ہے لیکن کون روک سکتا ہے آجوئی کے سرفروشوں کو اپنے وطن سے اظہار محبت کرنے سے اپنے گُل زمین کی آجوئی کے دن تیں رنگوں پر مشتمل قومی بیرک کے رنگوں کے غبارے بلوچستان کے کُھلے آسمان میں دُشمن کی مسلح فوجیوں کے سروں کے اوپر آزادی سے اپنے وطن کی آزاد ہوائوں سے آزادی کا پیغام دے رہے تھے۔ ہم ہدہ جیل میں بند ہونے کے علاوہ ایک عجیب کیفیت میں مُبتلا تھے۔ کوہ مُردار یہاں سے خوب دیکھائی دے رہا ہے۔ جب پاکستانی فوج نے کوہ مُردار کے اوپر چڑھ کر خود اپنی جھنڈا لگا کر اس بات کو واضع کیا کہ بلوچستان ایک مقبوضہ علاقہ ہے۔ جیل میں موجود قیدی جن سے کوئی چوری، قتل، منشیات کے ملزم یا مُجرم تھے، بارک میں ایک پانی کے ٹینکی کے اوپر چڑھ کر اپنی خیالات اور جزبات کو نہ روک سکے۔

کمبر چاکر

2009 ہدہ جیل کوئٹہ

شہید گلام محمد بلوچ

شہید گلام محمد بلوچ ایک ایسے رہنما تھا، جس کا قول اور فیل میں کوئی تضاد نہیں ہے، انہوں نے اپنی زندگی میں کبھی بھی اپنے عوام سے منافقت نہیں کی، انہوں نے سچائی کو سچ کہا، انہوں نے جھوٹ اور مکرءُ فریب کو رد کیا، وہ واحد شخصیت تھے کہ بی این ایم کے پلیٹ فارم پر بلوچستان کے آزادی کے بارے میں واضح تھی، انہوں نے کبھی بی آزادی اور وطن کے بارے میں منافقت نہیں کی، وہ ہر دور میں آزادی کے بارے میں واضح سوچ رکھتے تھے اس لئے ان کے دشمنوں نے اُن کو راستے سے ہٹا کر شہید کیا گیا۔

گلام محمد وہ عظیم شخصیت تھے جنہوں نے وطن اور قوم کی خاطر موت کو ترجیح دی، اس لئے ہم گلام محمد اور اسکے ساتھیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

واحد کمبر، کمبر چاکر

بلوچ قوم پرست تحریک

بلوچ قوم پرست تحریک اُن طاقتور، قابل زکر علیحدگی پسند قوتوں میں سے ایک ہے جن سے کثیر القومی ایران پاکستان کی سالمیت کو خطرہ ہے۔ بلوچ قوم پرست تحریک کا ابتداء 1928 کو بلوچستان کی ایران میں بالجبر شمولیت اور بعد ازاں برطانوی راج کے خاتمے پر پاکستانی الحاق سے شروع ہوئی۔ 70 کی دہائی کے وسط میں تقریباً 80 ہزار پاکستانی افواج سے تصادم ہوئی۔ 1974 میں ایران کو فراہم کردہ امریکی کوبیٹ جن میں سے کچھ خود ایرانی چلا رہے تھے بلوچ کیمپوں پر حملہ کیا۔ بلوچوں کی کوئی بیرونی امداد حاصل نہیں تھی، وہ کھٹکے

والی رائفلوں اور خود بنائے گئے دستی بموں پر انحصار تھے۔ 1977 میں اس جنگ نے باقاعدہ علیحدگی کی جنگ اختیار کی۔ مغربی بلوچستان کو زمینی سطح پر مریخ سے قریب ترین خطہ قرار دیا۔

شہید کمبر چاکر

آخر کو اولیت دی جائے

غلط ترقی کو سازش سمجھنا

میرانی ڈیم، گوادر پورٹ غلط قسم کی ترقی آزادی کی سوچ کو کمزور کرتا ہے، نو آبادکار سرمایہ دار اپنے نرگس زدہ مکالموں کے زریعے نو آبادیاتی دانشوروں کے زہنوں میں ٹھونس دی جاتی ہے کہ ہمارے دائرے میں اصل چیزیں ہیں، Trapping جب دیسی دانشور اپنے لوگوں سے رابطہ رکھتا ہو تو نو آبادکار کی تمام چیزیں خاک میں مل جاتے ہیں۔ دشمن کے تمام اصلاحات (ٹیم، یونیورسٹی، فلم، اسکول، دانشوارانہ باتیں) فضولیات میں نظر آتے اور تمام تقریریں مُردہ الفاظ کا مجموع بن جاتے ہیں۔

شہید کمبر چاکر

بلوچ ریاست کی بنیاد

08 ہجری کو جب عربوں نے ایران پر حملہ کیا تھا، تو عربوں کی جب پہلی مرتبہ کسی قوم کے ساتھ (من حیث القوم) برابری کی بنیاد پر ایک رسمی معاہدہ کیا تو وہ بلوچ تھے۔ بلوچوں کی طرف سے نمائندگی ان کے سربراہ جنرل سیاہ وش نے کی تھی۔ جنرل سیاہ وش کے بعد بلوچوں کے سربراہ میر شیہک رند تھے۔ بلوچ قومی جغرافیائی دشوار گُزاری، لینڈ اسکیپ کی قدرتی مزاحمتی ساخت، بلوچ کی فطری حریت پسندی نے قبضہ گیری قوتوں سکندر مقدونیہ، اشوکا دی گریڑ، نوشیر وان، احمد شاہ ابدالی یا پرتگیزیوں سے لیکر برطانوی امپائر کو مکمل قبضہ میں ہمیشہ ناکام بنادیا۔

1730 میں میر نصیر خان نوری نے اپنے وقت کے جدید ترین ریاست کے ہمہ پلہ کھڑا کیا۔ جہاں بلوچ رہتے ہیں وہ بلوچستان ہے۔ 60 ہزار مربع کلومیٹر افغانستان، 80 ہزار مربع کلومیٹر ایران، ساحل کا 3 لاکھ 50 ہزار کلومیٹر کو ریاست قلات، سندھ اور پنجاب کے مابین تقسیم کیا۔ دریائے ہلمند سے لیکر سیستان، تُرکمانستان کاریڈور سے ساحل سمندر تک کی 6 لاکھ 90 ہزار مربع کلومیٹر کی قومی جغرافیائی وحدت کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے بلوچ کی آج 2006 کی تین کروڑ کی آبادی اور قوت کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا۔ 1927 کو گجر نے رضا شاہ پہلوئی نے مغربی بلوچستان پر قبضہ کیا، مشرقی اور مغربی بلوچستان کے بلوچوں نے 1932 کو جیکب آباد اور اگلے سال حیدر آباد میں آل بلوچ کانفرنس منعقد کرکے بلوچ قومی جغرافیائی وحدت اور قومی آزادی کا اعادہ کیا۔ اگست 1933 کو بلوچ گُل زمین 690000 مربع کلومیٹر قومی جغرافیائی وحدت کا نقشہ چھپایا۔

شہید کمبر چاکر

(یہ تنظیمی یا سیاسی پریس ریلیز، پریس کانفرنس اور خطوط ہیں جو کمبر چاکر کے پاس موجود رہے ہیں)

محترمہ عاصمہ جہانگیر صاحبہ چیرپرسن انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان

ہم ایک بار پھر آپکی توجہ بلوچستان میں جاری 62 سالہ انسانی حقوق کی پامالیوں کی جانب متوجہ کرنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان میں جاری پاکستانی ظلم و بربریت تو ڈھکی چھپی نہیں ہے، پاکستانی ریاست کے ظلم و جبر کے سامنے تو انسانیت خود ہی سر مسار ہوتی ہے، دنیا کے بدنام زمانہ ابو غریب اور گونتانا موبے سے بھی بدتر ظلم اور تشدد کو آج بلوچ سہ رہا ہے۔

قابل افسوس بات تو یہ ہے کہ آپ لوگ جو انسانی حقوق کے علمبردار مہزب دنیا کے رٹ لگا بیٹھے ہیں جہاں کہیں بھی انسانی حقوق کی پامالی ہوتی ہے تو آپ لوگ سراپہ احتجاج ہوتے ہیں لیکن بلوچستان میں آپ لوگوں کا کردار اسکے مکمل برعکس ہے، آپ لوگ صرف اور صرف زبانی بیان اور لفاضیت تک محدود ہیں، ڈیرہ مراد جمالی میں بلوچ سیاہ کاری کے مسئلے پر آپ لوگ سینہ وپا ہو جاتے ہیں لیکن جب زرینہ مری کی باری آتی ہے تو اس پر صرف لفاظیت۔

جب پاکستان کے کسی شہر میں کوئی خاوند اپنی بیوی پر تشدد کرتی ہے تو آپ لوگ آسمان کو سر پر لیتے ہیں لیکن جب پاکستانی فورسز تمپ کے مقام پر ایک پر امن جلوس پر فائرنگ کر کے شہناز بی بی کو گولیوں کا نشانہ بنایا جاتا ہے تو ایک بار پھر آپ لوگ فرضی بیانوں تک محدود ہوتے ہیں، کس کس کا نام لے لیں، کہاں کا زکر کریں، جہاں بھی دیکھیں پاکستانی فورسز ہمارے بھائیوں، بزرگوں پر انسانیت سوز تشدد کرتا ہے، انکے ہاتھ

ہمارے مائوں بہنوں کے چادروں پر ہیں، شہید گُلناز مری کا زکر کریں یا ڈیرہ بگٹی میں شادی بیاہ کی تقریب کا چند دنوں پہلے کوئٹہ بلیلی چیک پوسٹ اور سوئی سے اٹھائے جانے والے بلوچ مائوں اور بہنوں کا، تربت کے مقام پر تیں بلوچ سیاسی رہنمائوں کی شہادت کا مسئلہ ہو یا خضدار کے سیاسی رہنما رسول بخش بلوچ کا زکر کریں۔ آج ہر بلوچ گھر میں زندہ ماتم ہے، پاکستانی خفیہ اداروں کے ٹارچر سیلز ہوں یا جیلیں تمام بلوچ قومی آزادی کی پاداش میں اغواء اور گرفتار کئے گئے سیاسی کارکنوں سے کچا کچ بھرے ہوئے ہیں، ہزاروں مائیں اور بہنیں گھر کی چوکھٹ پر نظر رکھے ہوئے ہیں کہ کب انکا پیارا گھر واپس آئیگا، ہزاروں معصوم بچے اس امید کو دل میں لئے ہوئے راتوں کو صبح کرتے ہیں کہ اُنکے ابو یا بھائی زندہ سلامت واپس آتے ہیں۔ لیکن آپ لوگ اس تمام صورت حال سے تو بلکل ناواقف ہی نظر آتے ہیں یا جان بوجھ کے عملی کردار نبھانے سے گریز کرتے ہیں، اب ہمیں طفلی تسلیوں کی ضرورت نہیں، بلوچوں کے جسم پہ لگے ہوئے ہزاروں زخموں کو آپ لوگوں کے مزمتی قرارداد اور بیانات مدزمل نہیں کرسکتے۔ اس لیٹر کی توسط سے انسانی حقوق کے علمبرداروں، مہزب دنیا اور معاشرے کے علمبرداروں یم ایمنسٹی انٹرنیشنل، یورپی یونین، اقوام متحدہ کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ بلوچستان کے سُلگتے ہوئے مسئلے پر اپنی خاموشی کا روزہ تھوڑ دیں اور عملی صورت میں اپنا کردار ادا کریں۔

اس کے علاوہ ہم بلوچستان کے جیلوں کی صورت حال سے آپ لوگوں کو اس امید کے ساتھ آگاہ کرانا چاہتے ہیں کہ اب کی بار آپ لوگ اپنا انسانی فرض ضرور عملی صورت میں ادا کرینگے۔ یہ مسئلے بلوچستان کے تمام جیلوں میں مسئلے ہیں جو مندرجہ زیل ہیں:

1۔ بھتہ خوری یعنی قیدیوں سے رشوت لینا

2۔ قیدیوں کے اوپر ناجائز تشدد

3۔ علاجِ ءُ معالجے کا نظام نہ ہونے کے برابر ہے

4۔ قومی اخباروں اور ترقی پسند رسالوں اور کتابوں پر مکمل پابندی

5۔ ستم بالا ستم یہ ہے کہ رہا ہونے والے قوم پرست سیاسی قیدیوں کو دوبارہ گیٹ پر نادیدی قوتیں اٹھا کر غائب کر دیتے ہیں۔

6۔ قوم پرست سیاسی قیدیوں کے ملاقات میں آنے والے کئی لوگوں کو اٹھا کر غائب کیا گیا اور انکے ساتھ انتظامیہ کا رویہ غیر انسانی ہے۔

7۔ آج کے دور میں خوراک انسانی صحت کا ضامن ہے قیدیوں کو جانوروں جیسا خوراک دی جاتی ہیں۔

واحد کمبر کی اسلام آباد میں منتقلی (پریس ریلز)

معزز صحافی حضرات! بلوچ خواتین پینل اور بی ایس او آزاد کے زیر اہتمام آج کے ہونے والے اس احتجاجی مظاہرے اور ریلی کا مقصد بلوچ قومی ہیرو استاد واحد کمبر بلوچ جو کہ اے ٹی ایف جیل میں بند تھا تربت جیل شفٹ کرنے کے بہانے انہیں ہیلی کاپٹر میں بٹھا کر اسلام آباد منتقل کیا گیا ہے۔ اور دوسری جانب مغربی بلوچستان میں ایرانی گجر بلوچ قوم کے خلاف بلوچ فرزندوں کو جس طرح پاکستانی ریاست یہاں گولیوں سے چھلنی کر رہا ہے، ان پر بمبار منٹ کر رہا ہے، بلوچ قوم کی نسل کُشی کر رہا ہے تو دوسری طرف ایرانی فورسز بلوچ قومی آزادی کو تلف کرتے ہوئے بلوچ فرزندوں کو ہر آئے روز پھانسی کے پھندوں پر اٹھا رہا ہے انکو۔

معزز صحافی حضرات! آج کے اس ہونے والے احتجاجی مظاہرے کی توسط سے ہم عالمی اداروں کو، عالمی انسانی حقوق کے علمبر داروں کو، مہزب دنیا کے علمبر داروں کو یہ بات اپنی پیغام آپ لوگوں کی توسط سے پہنچانا چاہتے ہیں کہ آپ لوگ مہزب انسانیت کے دعوے دار ہیں مہزب معاشرے کے دعوے دار ہیں انسانی حقوق کے علمبر دار ہیں تو آپ لوگوں کو بلوچ قوم پہ پاکستانی اور ایرانی ہونے والے ظلم کیوں نظر نہیں آتے، ہر آئے روز بلوچ فرزندوں کو ایران میں کس طرح پھانسی دیا جارہا ہے جو انسانیت کا قتل ہے جو حقیقی معاشرے کا قتل ہے جس طرح ایرانی فورسز بدھ مت ساتھیوں کی طرح ہر آئے روز بلوچ فرزندوں کو کس طرح انکو اٹھا کر غائب کیا جارہا ہے کس طرح انکو پاکستان اور ایران اپنے مشترکہ ایک حکمت عملی کے تحت بلوچ قوم کی نسل کُشی کر رہے ہیں۔

معزز صحافی حضرات!

بلوچ قومی ہیرو استاد واحد کمبر بلوچ ہم یہ بات واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ وہ پورے بلوچ قوم کا ہیرو ہے اگر انہیں اسلام آباد شفٹ کیا گیا ہے اگر دوران تشدد آج انکو دوبارہ اگر اس دوران بلوچ قومی ہیرو کو کچھ ہوا تو اسکے بدلے بلوچ قوم کا جوری ایکشن ہو گا بلوچ قوم کا جو بدلہ ہو گا وہ پاکستانی ریاست کا جو نیم مردہ جسم ہے اس کیلئے ایک موت ثابت ہو گی۔ ہم یہ بات واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ پاکستانی ریاست ہر آئے روز یہاں پہ بلوچ فرزندوں کو کبھی ہیلی کاپٹروں سے گرا کر شہید کر دیا جاتا ہے کبھی انکو گولیوں سے چھلنی کی جاتی ہے۔ آج ایک دفعہ پھر پاکستانی ریاست نے پورے بلوچستان میں ایک بڑی منصوبے کے تحت ایک بہت بڑی آپریشن کی تیاری کی جارہی ہے۔ ڈیرہ بگٹی میں ایک بہت بڑی فورس وہاں پہ تعینات کی گئی ہے اور وہاں پہ آپریشن شروع کی گئی ہے۔ دوسری طرف مکران میں بھی ریگولر آرمی اور دوسرے دستہ انکے پہنچ چکے ہیں اور بلوچ سرزمین پر ایک مرتبہ پر ایک خونی آپریشن کی تیاری کی جارہی ہے۔

ہم عالمی دنیا کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ آپ لوگ آجائیں پاکستانی و ایرانی غیر مہزبیت، انکی بلوچ قوم پہ جو نسل کشی کی جارہی یے انکا نوٹس لیں اور ہم اپنے اس احتجاجی ریلی کی توسط سے، اس احتجاجی مظاہرے کی توسط سے پاکستانی حکمرانوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ اگر واحد کمبر بلوچ یا دوسرے بلوچ فرزندوں کو دوران تشدد یا آپ کے ریاستی کال کو تھڑیوں میں کچھ ہوا تو آپ لوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ بلوچ قوم ایک تاریخ کا مالک ہے انکے تاریخ میں بدلہ لینا بھی کوئی چیز ہوتی ہے تو آپ لوگ اس چیز کو اپنے زہن میں عیاں رکھے پھر کوئی قدم اٹھائیں۔

منتوار

ایک بلوچ بیٹی کا صحافی حضرات اور انسان دوستوں کے نام خط

محترم اعتزاز احسن، محترمہ عاصمہ جھانگیر، محترم ڈاکٹر شاہد مسعود، محترم نجم سھٹی، محترم حامد میر

معزز صحافی حضرات!

میرے آج کا پریس کانفریس ایک خط ہے جو کچھ ترقی پسند اور انسان دوست پاکستانیوں کے نام پر ہے، بلوچ مسئلہ پر اُنکی خاموشی کو دیکھ کر میں بزریعہ پریس کانفریس آپ لوگوں کی توسط سے اپنی باتیں اُن لوگوں تک پہچانا چاہتی ہوں۔

السلام علیکم

میں ایک بلوچ بیٹی کی حیثیت سے آپ حضرات کا توجہ بلوچستان کے حالات کی طرف متوجہ کرانا چاہتی ہوں اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ آپ صاحبان ترقی پسند پاکستانی کی حیثیت سے ہمدردانہ غور فرمائیں گے۔

پہلے تو بلوچستان کا مسئلہ آج کا نہیں یہ مسئلہ 1948 سے ہے، بلوچستان پر ظلم و جبر کی داستانیں 63 سالہ پرانی ہیں لیکن ظلم و جبر و بربریت کا ایک گرم داستان جنرل مشرف کی دور حکومت سے شروع ہوئی جو موجودہ دور حکومت پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ جاری ہے۔

جنرل مشرف نے طاقت کے نشہ میں ہمیں مسکا اور ٹھنڈا دیکھ کر نیست و نابود کرنے کی جو بات کی وہی کر دکھایا۔ جنرل مشرف کی دور حکومت میں بلوچوں نے کیا کچھ نہیں سہا، چنگیز خان اور ہلاکو خان کی ظلم و جبر بھی بلوچوں پر ہونے والے ظلم و جبر آج شرمسار ہوتے ہیں کہ بلوچ سرزمین پر بمباری کی گئی، 1 لاکھ بلوچ

بے گھر ہو گئے، جو آج تک سندھ پنجاب میں در بدر ٹھوکریں کھا رہے ہیں 7 ہزار بلوچ لاپتہ ہو گئے ہیں ڈیرہ بگٹی، سوئی، کوہلو کاہان، مکران میں اعلانیہ یا غیر اعلانیہ آپریشن کے ذریعئے ہزاروں لوگوں کو شہید کیا گیا۔

موجودہ پی پی یا زرداری حکومت نے بھی اپنے آپکو پیچھے نہیں چھوڑا۔ بلوچوں کیلئے مشرف اور پی پی دور حکومت میں کوئی فرق نہیں ہے، مشرف دور حکومت میں بزرگ بلوچ نواب اکبر خان بگٹی، نواب بالاچ خان مری کو شہید کیا جاتا ہے تو پی پی دور حکومت میں بلوچ رہنما غلام محمد، شیر محمد، لالہ منیر کی مسخ شدہ لاشیں بوریوں میں بند اور رسول بخش مینگل کی درخت میں جھولتی لاش جس پر تیز دھار آلہ سے پاکستان زندہ باد لکھا ہوا ہمیں ملتے ہیں۔۔ مشرف دور حکومت میں میرے چچا ڈاکٹر خالد کو شہید کیا جاتا ہے تو پی پی دور حکومت میں میرے ماموں ابراہیم بلوچ کو شہید کیا جاتا ہے، مشرف دور حکومت میں نواب بگٹی کی پہلی برسی میں ریلی پر فائرنگ کر کے جاوید اختر کو گولیوں سے چھلنی کر کے شہید کیا جاتا ہے تو پی پی دور حکومت میں مختلف پر امن جلوسوں پر فائرنگ کر کے الطاف بلوچ اور مختار بلوچ کو شہید کیا جاتا ہے۔

مشرف دور حکومت میں ڈیرہ بگٹی اور کاہان کوہلو سے 90 ہزار لوگوں کے گھروں پر بمباری کر کے انہیں بے گھر کئے جاتے ہیں اور پی پی دور حکومت میں بھی یہی لوگ اپنے گھروں کو واپس نہیں آسکتے۔ مشرف دور حکومت میں زرینہ مری کو لاپتہ کیا جاتا ہے تو آج تک لاپتہ ہے اور پی پی دور حکومت میں کوئٹہ سے کچھ بلوچ خواتین کو لاپتہ کیا جاتا ہے، ریلی پر فائرنگ کر کے شہناز بی بی کو گولیوں سے چھلنی کی جاتی ہے۔ مشرف دور حکومت میں سات ہزار بلوچوں کو لاپتہ کیا جاتا ہے تو پی پی دور حکومت میں یہ تعداد 9 ہزار کو پہنچتی ہے۔ میرے والد واحد کمبر کو مشرف دور حکومت میں 14 مہینوں تک لاپتہ کیا جاتا ہے اور چودہ مہینوں کے بعد

جھوٹے کیس لگا کر انہیں منظر عام پر لایا جاتا ہے اور پی پی دور میں انہیں کیسوں کی بنیاد پر اُسے سزا دی جاتی ہے جو آج تک بند ہیں۔

بی ایس او آزاد کے وائس چیرمین زاکر مجید کو مشرف دور حکومت میں اغواء کر کے 6 مہینوں تک پابند سلاسل کیا جاتا ہے تو پی پی دور میں زاکر مجید کو پھر اغواء کیا جاتا ہے جو آج 8 مہینے گزرنے کے باوجود ابھی تک لاپتہ ہیں۔ پہلے تو یہی کہا گیا کہ فوجی حکومت ہے، عدلیہ آزاد نہیں ہے، جمہوریت نہیں ہے، میڈیا پر شب خون مارا گیا ہے لیکن اب تو آپ لوگ خود کہتے ہیں کہ فوجی آمریت ختم ہو گیا ہے، میڈیا آزاد ہے، جمہوریت بحال ہو گی ہے، عدلیہ آزاد ہے، لیکن جن باتوں کا اوپر میں نے ذکر کیا کہ مشرف دور حکومت میں کیا ہوا ہے اور پی پی دور میں کیا۔۔ بلوچوں کے لئے دونوں حکومتیں ہی ایک جیسی ہیں۔

جب فوجی آمریت تھی، عدلیہ پر شب خون مارا گیا، میڈیا پر پابندی تھی اُس وقت بھی بلوچوں پر بمباری ہو رہی تھی آج بھی ہو رہی ہے، اُس وقت بھی ہزاروں بلوچ لاپتہ تھے آج اُس سے زیادہ لاپتہ ہیں، اُس وقت بھی بلوچوں کو شہید کیا گیا آج اُس سے زیادہ دردناک صورت میں ہمیں شہید کیا جا رہا ہے بلکہ آج تو جیسے آپ جمہوری دور کہتے ہیں، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی کا دور ہے لیکن آج حالات مشرف دور سے کئی گنا زیادہ خراب ہیں، اُس دور میں تو بلوچ احتجاج کر سکتے تھے، خود کو کرب سے گزار کر اپنے پیاروں کے انتظار میں احتجاج، بھوک ہڑتال پر تو بیٹھ سکتے تھے لیکن آج آپکے جمہوری میڈیا اور آزادی کے دور نے تو بلوچوں سے احتجاج کا بھی حق چھین لیا۔

آج بلوچستان یونیورسٹی سمیت کئی کالجز، اسکولز اور تعلیمی ادارے ایف سی کی آرام گاہ بن چکے ہیں، رات 9 بجے کے بعد اگر کوئی طالبعلم مر بھی جائے تو اُسے ہاسٹل سے باہر جانے نہیں دیا جاتا۔ آج بلوچستان میدان جنگ بن چکا ہے، آج بلوچستان جل رہا ہے۔ بلوچستان میں عدلیہ نام کی کوئی چیز نہیں ہے، میڈیا کا کردار نہ ہونے کے برابر ہے، انسانی حقوق کو پاؤں تلے روندا جارہا ہے۔

میرے اس پریس کانفریس کا مقصد قطعی یہ نہیں کہ ہمیں پاکستانی عدلیہ یا حکومت سے کوئی امید ہے بلکہ آپ حضرات تک اپنی بات پہچانا تھا اگر آپ خواتین و حضرات جن کا تعلق پنجاب سے ہے اور آپ لوگ زرہ برابر بھی انسانی ہمدردی رکھتے ہوں اور انسانیت کیلئے آپ لوگوں کے دل میں درد ہو تو بلوچستان میں ان نامساعد حالات کیخلاف بلوچوں کے حقیقی لوگوں کے ساتھ ملکر اُن کے بنیادی انسانی مسائل کیلئے آواز بلند کریں اور انسان دوستی کا ثبوت دیں ورنہ بلوچ عوام یہی سمجھے گا کہ آپ لوگ بھی ان گناہوں میں برابر کے شریک ہیں۔۔

شاری واحد کمبر رُکن بی ایس او آزاد

درخدمت جناب سپرینڈنٹ جیل کوئٹہ

جناب عالی

گزارش ہے کہ ہم جیل میں رہنے والے تعلیم یافتہ قیدی ایک ہفتے سے تین بجے سے پانچ بجے تک ایک جگہ بیٹھ کر علمی سرگرمیوں میں مصروف رہتے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ ہم آپس میں بیٹھ کر علم حاصل کریں۔ کیونکہ دنیا اور پاکستان میں قیدیوں کو سُدھارنے کیلئے علم کی طرف راغب کیا جاتا یے تاکہ اُن کا اصلاح ہو سکے۔

قید سے رہا ہو کر ایک اچھا انسان بن جائیں، ہمیں اکھٹارہ کر پڑھنے میں روکا گیا ہے، ہم آپ سے استدعا کرتے ہیں کہ ہمیں شام صرف ایک گھنٹے کیلئے عملی سرگرمیوں کیلئے چھوڑا جائے کیونکہ ہمارے انسانی اور جمہوری حق ہے۔ اس حق کو وائیلیٹ کرنے سے انسانی اور جمہوری حق متاثر ہو سکتی ہے۔

لحاضہ ہم آپ سے استدعا کرتے ہیں کہ ہمیں صرف دو گھنٹے کیلئے علمی سرگرمیوں کیلئے موقع دیا جائے۔

شکریہ

العارض

منجانب: بلوچ سیاسی اسیران جیل کوئٹہ

****

قولِ

کلی کیمپ کے ٹارچر سیلوں کے دیوار بھی زاکر مجید کی حوصلے کو داد دیتے ہونگے، وہ بھی فخر کرتے ہیں اُس نوجوان مضبوط فکر کو دیکھ کر۔

شہید کمبر چاکر

جیل میں علالت انتہائی تکلیف دِہ ہے۔ شاید میں اس تکلیف کی وجہ سے کمزور دکھائی دوں، لیکن حقیقت حال میں، میں اپنے اندر بہت خوش ہوں۔

شہید کمبر چاکر

ہدہ جیل شال

آزادی کا مطلب ہے، فیصلہ کرنا، فیصلے کرنے کا حق

ہم اپنے لئے مریں گے، یہی اصل آزادی ہے

غلامی کو غلامی سہنے کی ضرورت نہیں ہے وہ آزاد ہو سکتا ہے

شہید کمبر چاکر

ہمت اور حوصلہ وہ ہتھیار ہیں جو کسی بھی بڑی طاقت کو سر جُھکانے پر مجبور کرتا ہے

2009/10/24

شہید کمبر چاکر

ہدہ جیل شال۔۔بیرک 14-16 تہنائی

میرے مقدموں کے فیصلہ پاکستانی عدالت نہیں تاریخ کی عدالت کریگی، اگر پاکستانی عدالت سے مجھے پانسی بھی ہوئی تو تاریخ کی عدالت میں ضرور سرخرو ہونگا

2009/06/09/

شہید کمبر چاکر

ہدہ جیل شال--14__16 تہنائی

میری موت دوسرے انقلابیوں کو حوصلہ دے گی

شہید کمبر چاکر

بحر بلوچ کی موجیں اب بھی حمل پر فخر کرتے ہیں اور ہر ٹکرانے والا موج حمل کو اپنی تحفظ پر پکارتا ہے۔

شہید کمبر چاکر

تحریک اُس وقت کمزور ہوتی ہے جب عورتوں کے دلوں میں تحریک کی حمایت کم ہو۔

2009/09/11

شہید کمبر چاکر

ہدہ جیل

ایک سچا آدمی وہ راستہ اختیار نہیں کرتا جس میں فائدہ ہو، بلکہ وہ راستہ اپناتا ہے جس میں ڈیوٹی موجود ہو اور یہی عملی آدمی ہے۔

شہید کمبر چاکر

جیل جو انقلابی کی واحد مگر ظالم ساتھی ہوتی ہے۔

شہید کمبر چاکر

ہمیں دُشمن کو اُس کے ٹارچر سیلوں میں یہ باور کرانا ہے کہ ہم مر سکتے ہیں لیکن اپنی آزادی کی جدوجہد سے قطعاً دستبردار نہیں ہو سکتے۔

شہید کمبر چاکر

میری موت قومی محکومی کی موت ہے

2006/17/08

چیئرمین بی ایس او بشیر زیب بلوچ

میرے ہاتھ میں حق کا جنڈا ہے

میرے سر پر ظلم کا پندہ ہے

میں مرنے سے کب ڈرتا ہوں

میں موت کی خاطر جیتا ہوں

میرے لہو کا سورج چمکے گا جب

تب بچہ بچہ بولے گا

میں بگٹی ہوں، بگٹی ہوں

2006/10/15

حارث غنی

کون جانے کب موت کا پیغام آجائے

زندگی کی آخری شام آجائے

ہم تو ڈھونڈتے وقت کوئی ایسا

کب ہماری زندگی وطن کی کام آجائے

2006/10/06

جواد بلوچ صدر کراچی

کس بات پہ یوں نازاں ہو
کس جیت کا تم دم برتے ہو
میرے قبر پہ سو سو پہرے ہیں
میرے لاش سے بھی تم ڈرتے ہو
(شہید نواب اکبر خان بگٹی)

2006/10/27

شے حق حیات جنرل سیکٹری کراچی زون

یہ آواز حق ہے کیا اسے دبا سکھو گے تم؟
میرے لہو روشن مثال کو کیا بُھجا سکھو گے تم؟
جن ہاتھوں میں ہے سرخ عالم
ان ہاتھوں کو زنجیرے غلامی کیا لگا سکھو گے تم؟
جن آنکھوں نے دیکھے ہیں وہ بے غور او کفن لاشیں
ان آنکھوں میں اپنی مھبت کیا جگا سکھو گے تم؟

2007/02/13 سیکٹری جنرل بی ایس او خضدار، ہنکین زاکر مجید

کمبرءِ ڈائری ءَ نبشتگیں آشوبی بامرِ دانی دانک

کامریڈ کم اِل سنگ کی انقلابی سرگرمیاں

"ہم کوریا کے عوام اور نوجوان ہیں، ہم کوریائی نوجوان محض ہاتھ پہ ہاتھ دہرے ایک خاموش تماشائی کی طرح یہ نہیں دیکھ سکتے کہ ہماری خوبصورت سرزمین اور ہمارے محبوب ہم وطن بھائی اور بہنیں جاپانی سامراجیوں کے قدموں تلے سسکتے رہیں اور ان کے عقوبت کا نشانہ بنے رہیں۔ جاپانی سامراج اپنی مرضی سے پسپائی اختیار نہیں کرے گا"

"انقلاب مخالف ظلم و تشدد کا مقابلہ انقلابی تشدد سے کیا جانا چاہیے اور انقلاب مسلح قوتوں کو مسلح جدوجہد کے زریعے ہی زیر کیا جاسکتا ہے"

"ہمیں کسی بھی صورت میں دشمن کی طاقت کے متعلق نہ تو مبالغے سے کام لینا چاہیے اور نہ ہی اُسی حقیر جاننا چاہیے، ایک عیار اور بدمعاش دشمن سے جنگ لڑنے اور اسے شکست دینے کیلئے ہمیں تیزی کے ساتھ خود اپنی قوت پیدا کرنی چاہیے"

کاسترو

"ہم کیوبا کے شہریوں پر ایک فرض کا ادا کرنا جرم ہے، غداری ہے، ہمیں اپنے مُلک کے تاریخ پر فخر ہے، ہمارے زہنوں میں ہمارے ہر ہیرو کی آواز گونج رہی ہے" **(کاسترو کا عدالتی بیان)**

"مجھے سزا دو اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ تاریخ میری بے گناہی کا اعلان کر دے گا"

"قوم کے مستقبل اور اس کے مسائل کے حل کیلئے ان درجن بھر سرمایہ داروں پر انحصار نہیں کیا جاسکتا، عوام جب اپنے حقوق کیلئے لڑنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں تو کوئی ہتھیار اور کوئی طاقت انہیں شکست دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ میں ایسے قابل نفرت ظالم و جابر سے نہیں ڈرتا جس نے میرے بھائیوں کی جان لی ہے۔ میں آزادی نہیں مانگتا، تم مجھے سزا دو، کوئی فرق نہیں پڑتا تاریخ مجھے اس الزام سے بری کرے گی"

"پروپگنڈہ ایک منٹ کیلئے بھی ترک نہیں کیا جاسکتا کیونکہ یہ تمام جدوجہد کی روح ہے"

"آج انقلاب کا آغاز ہوا ہے، انقلاب کوئی آسان کام نہیں ہو گا، انقلاب ایک نہایت مشکل زمہ داری ہے، یہ خطرات سے پُر ہو گا، کیوبا خوش نصیب ہے کہ اس بار انقلاب کے ہاتھ میں طاقت ہو گی"

"وطن یا موت، ہم فتح حاصل کریں گے"

"جنگی جنون میں مبتلا سامراجیوں کو مسلح لڑائی کے بغیر ختم نہیں کیا جاسکتا"

جوزماتی

جوزماتی کیوبا کا ایک انقلابی شاعر تھا

جوزماتی ایک شاعر، ادیب، جنگجو تھا، جو میدان جنگ میں بندوق چلاتے ہوئے شہید ہو گیا۔

“You snatch your rights, you do not beg them, you don’t buy them with tears but with blood”

"حقوق کی بھیک مت مانگو انہیں حاصل کرو اور تم یہ آنسوؤں سے نہیں صرف خون سے خرید سکتے ہو"

"جو شخص ایک بُری حکومت کی تابعداری کرتا ہے وہ ایماندار نہیں"

"کہنے کا بہترین طریقہ کرنا ہے"

"اے آزادی! تم جن کے پاس ہو وہ تمہیں نہیں جانتے ہیں اور جن کے پاس تم نہیں ہو انہیں تمہارے بارے میں بات نہیں کرنی چاہیے بلکہ تمہیں لینی چاہیے"

"میں اپنے وطن اور اپنے فرض کی خاطر ہر روز اپنی زندگی سے محروم کر دینے کی خطرے میں ہوں اس لئے کہ میں اپنے فرض کو سمجھتا ہوں اور اُسے سرانجام دینے کہ جرئت رکھتا ہوں"

"اپنی زندگی قربان کر دینا آپ کا حق ہے مگر صرف اُس وقت جب آپ اُسے خود غرضی سے پاک ہو کر قربان کر دیں"

"مرنا کچھ بھی نہیں ہے مرنا زندہ رہنا ہے، مرنا بیج بونا ہے، وہ جو مر جاتا ہے، اگر وہ وہیں مرتا ہے جہاں اُسے مرنا چاہیے تو وہ زندہ رہتا ہے"

فینن

"غیر مُلکی تسلط سے چھٹکارہ پانا ہمیشہ ایک پُر تشدد عمل رہا ہے"

"استبدادی طاقتیں پولیس اور فوج کی مدد کے ساتھ مقامی لوگوں کو دبانے اور کچلنے کے عمل سے گزرتی ہیں، بظاہر ان کا مقصد ملک میں امن و امان کا قیام ہوتا ہے لیکن دراصل یہ لوگوں کے حقوق دبانے، جوڑ توڑ اور بزور طاقت انہیں محکوم رکھنے کا عمل ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں صرف اور صرف باغیانہ خیالات اور ڈپریشن، کم ہمتی اور مجبوری پھولتی ہے"

"قبضہ گیر ہمیشہ معاشرے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے"

"ایک ایسا علاقہ جو امیر، کامیاب اور بااثر لوگوں کی رہائش گاہ ہوتی ہے جہاں غیر مُلکی جو د بھی رہائش پزیر ہوتا ہے"

"غُربت مجبور اور محکوم لوگوں پر مشتمل خدہال آبادی"

"نو آبادیاتی طاقتیں ایسی زبان استعمال کرتی ہیں جس میں مقامی لوگ جانور، درندے اور غیر مہزب افراد کی طرح پہچانے جاتے ہیں"

"وہ مقامی لوگوں کے لباس، روایات اور مزہب کا مزاق اڈاتے ہیں، ان کا مقصد مقامی آبادی کی تضحیک اور انہیں غیر انسانی ثابت کرنا ہے"

"مقامی لوگ آبادکاروں کے ہتھکنڈوں میں جکڑے جانے کے بعد احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں اور یہ احساس مقامی لوگوں کیلئے زہر قاتل ثابت ہو گی کیونکہ یہ احساس عزتِ نفس کو مجروح کرتا ہے اور مقامی لوگ خود اپنی نظروں میں گر جاتے ہیں اور اکثر اوقات میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ نفرت کرنا شروع کر دیتے ہیں، ان کے درمیان نسلی تفاخر مزہبی اور علاقاتی چپقلش تشدد کو جنم دیتی ہے"

"مقامی اور آبادکار کا تعلق اجتماعی ہوتا ہے، انفرادی نہیں"

"جب چکنے چپڑے الفاظ اور شاہ کی مداح میں پڑھے جانے والے چاپلوسی خطبات بے اثر ہوتے دکھائی دینے لگیں تو استبدادی حکومتیں مار پیٹ، جیل اور گھیراؤ کا سہارہ لیتی ہیں اور چند انقلابیوں کو پھانسی دیتے ہیں تاکہ دوسرے ان سے عبرت پکڑیں"

"صرف تشدد ہی آزادی سے ہمکنار کرے گا"

"غیر ملکی آبادکار آقا جب قوم پرستوں کا تشدد بھرا روپ دیکھتے ہیں تو اس تبدیلی پر حیران رہ جاتے ہیں اور بہت چالاکی سے آزادی کے متوالوں کو دہشت گرد کہنا شروع کرتے ہیں"

"مفلوک الحال مقامی لوگوں کیلئے صبح نو صرف غیر ملکی آبادکاروں کی گلی سڑی لاشوں سے ہی طلوع ہو سکتی ہے"

"مقامیوں کا مزاحمت اور تشدد نہ صرف ان کی عزت نفس کو بحال کرتا ہے بلکہ ان کی زندگیوں کو ایک نیا مقصد بھی عطا کرتا ہے"

منڈیلا

"ظلم اور تعصب کی زنجیریں صرف آگ کے زریعے پگھلائی جاسکتی ہیں اور امن کی فضا صرف تشدد کے ذریعے قائم کی جاسکتی ہے"

"آزادی کی خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے ایک خوفزدہ بچہ ایک بہادر جوان بن گیا، قانون کی پابندی کرنے والا وکیل قانون شکن بن گیا، گھر والوں سے محبت کرنے والا باپ بے گھر ہو گیا اور زندگی سے محبت کرنے والا انسان راہب بن گیا"

ڈاکٹر چے

"ہاں مر جاؤ لیکن جوانمردی سے موت کو گلے لگاؤ"

"گولیاں تمہارے جسم میں پیوست ہو جائیں یا تمہارے جسم کو چھلی کر دیں، برچھے تمہارے جسم کی بوٹیاں اڈا دیں۔ نہیں لیکن ہرگز نہیں کہ تم بے مقصد غرق آب ہو جاؤ،

ایک انسٹ یاد جو نشان منزل بن جائے کہ، اپنے سچے مقصد کیلئے لڑو اور لڑتے ہوئے جان دے دو"

چے گویرا کا نظم کاسترو کے نام

آؤ چلیں صبحِ نو کی آزادی کے پیامبر و

انجانے اور اجنبی راستوں پر

اس زرخیز مٹی کو آزادی سے ہمکنار کرنے کیلئے

جو ہمارے چاہتوں کی سرزمین ہے

آؤ تیار رہو جب نقارے پر چوٹ پڑے

اور خاموشی کا سحر اچانک ٹوٹے اور جنگل گونج اٹھے

اور وہاں تمہارے کندھے سے کندھا ملائے

اے ہمارے عظیم رہبر تم ہیں متحد پاؤ گے

"یاد رکھو! یا تم قتل کرنے میں سبقت لے جاؤ یا مرنے کیلئے تیار ہو جاؤ"

بابا مری

"چاہے روس ہو یا امریکہ کیا آپ کسی بڑے طاقت لینے کے بعد بھی اپنا تشخص برقرار رکھ سکتے ہیں؟"

"اگر ہم اپنی جہد وجہد کیلئے ان سے ہتھیار لیتے ہیں تو بہنے والا خون ہمارا ہی ہو گا

کیا ہماری تحریک کیلئے بہنے والا خون ان کی ہتھیاروں سے زیادہ قیمتی نہیں؟

اگر امریکہ پنجابیوں کو اسلحہ فراہم کرتا ہے تو ظاہر ہمیں اپنا ہاتھ دوسرے سپر پاور کے سامنے پھیلانا ہو گا"

"اگر کسی کا خیال ہے کہ پارلیمانی جمہوریت کے ذریعے کوئی بلوچوں کو بلوچستان پلیٹ میں سجا کر پیش کر دے تو مجھے اس پر شک ہے"

نپولین

"اگر تاریخ بنانا ہے تو تاریخ کا مطالعہ ضروری ہے"

"جب میں فوج میں جاؤنگا تو بیشک تلوار فرانس کی ہو گی لیکن اس کی دھار کو میں اپنی مرضی سے استعمال کرونگا"

"اگر مجھے رسوا کر کے زنجیروں میں جکڑ کر مار دیا گیا اور میری لاش کی بے حرمتی کی گئی تو میں اس کیلئے بھی تیار ہوں مگر میں اپنے ملک کو ضرور بچالوں گا"

"فرانس کے بیٹو! تمہاری موت ہی فرانس کی زندگی ہو گی"

جواہر لعل نہرو

"انقلاب یا آزادی کی کیفیت ہے ہم آزادی سوا کچھ اور بھی چاہتے ہیں ہمیں گندے پانی کے تمام تالابوں خالی کر کے ہر جگہ صاف کرنا ہے"

"زندگی کا لطف اس میں ہے کہ آدمی اپنے دل سے ڈر کو نکال دے شکست اور مصیبت ان سے دور ہی دور رہتی ہے"

رسول حمزہ توف

"اس شخص کو برداشت کیا جاسکتا ہے جو زخموں سے چلی ہو لیکن اس شخص کو برداشت نہیں کیا جاسکتا ہے جس نے ہمت ہادی ہو اور ساتھ چھوڑ دی ہو"

****

براہوئی

شائری[1]

نی اُس گدان ناگودی

میٗ تاشوان ناگودی

ناپژہ غاک ملوکو

میٹ آتنیٹ مشوکو

مسک وزباد مہلب

ہم کَنڑو خلوکو

دانعمتو گچینو

کھلی نادیک پھدینو

سیخاک پرپک آتا

اُستءِ نادرینو

کونڈاراک مزہ دار آ

پیتر کاک پُرندارہ

پھیشاک خرن خرن

---

1 داشئیر پروفیسر طاہرہ احساس جتک ناشئیر "نی اُس گدان ناگودی" ناچنکو بشخ ئسے، ہرادے شہید کمبر چاکر تیناڈائری ٹی نوشتہ کریس، ہموخاطر ان داڑے ہم اوار کنننگانے

پھلاک زیبدار آ

ناکوچہ زیبدارے

پُر کیف پُر بہارے

گھٹ و تلار مشتان

دیتا عجب توارے

احساسؔ، خوار زارٹ

ای گُنگ بے توارٹ

داخہ صفت نی کپہ

ظلم آتا ای شکارٹ

روب اُس جہان ناگودی

مئں تاشوان ناگودی

(کمبرچاکر براہوئی ونتگءُ ھیل کنگءَ بوتگ۔ پہ براہوئیءِ ھیل کنگءَ آئی وتی کِرا الہتیں نوٹس جوڑ کتگ کہ آئی ءِڈائری ءِتہءَ دست کپتگ انت)۔ ھمے نوٹس جہل ءَداتگ انت:

ننا تینا: مئے وتی

اینوارے: مرچی ھست

تیوہ تہ ای: من دیاں

تو: نی

ای: من

نما: شما

ننا: ما

خرما: گرُک

خراس: گوک

ہُشتر: اُچ

لیڑو: لوک

خرگوش: مُرو

گوھار: ایڑ، ادی

جنین آدم: نیاڑی

زال، جنین: زائیفہ

منی جنک: کنا مسٹر

منی بچک: کنامار

منی گھار: کنا ایڑ

تو منی گھارئے: نی کنا ایڑ اُس

من تئ براتاں: ای نا ایلم اُٹ

شما منی پارٹیءِ مردم اِت: نم ننا پارٹی نا بندغ اُرے

ماشمئے مردم ایں: نن نما بندغ اُن

رئیسانی جنگلءَ گُرک باز انت: رئیسانی نا جنگل ئٹی خرما بھازءِ

گوکءِ گوشت لاپءِ واستہ جوان نہ انت: خراس نا سوپڈ اکن جوان اف

کس ءِ نا متنو۔۔ کننگ کرین تہ عجب خننگنہ۔۔ اگہ راج دن مرے۔۔ جند جوڑ مرے۔ مون نا نسل جوڑ مرے۔۔ طاغت خان ننا کوشش مسنے۔

****

English

